شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36۔کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

30جولائی2026ء

# پریس ریلیز

## تنظیم اسلامی کے زیرِاہتمام 3ہفتوں پر مشتمل ملک گیر آگاہی مہم بعنوان

## ’’ اُمّتِ مُسلمہ کی حالتِ زاراور راہِ نجات‘‘ کاآغاز 31جولائی2026ءسے ہوگا۔ان شاءاللہ !

**لاہور(پ ر):** تنظیم اسلامی کے زیرِ اہتمام 3ہفتوں پر مشتمل ملک گیر آگاہی مہم بعنوان ’’ اُمّتِ مُسلمہ کی حالتِ زار اور راہِ نجات‘‘ کاآغاز 31جولائی 2026ءسے ہوگا۔ان شاءاللہ ! یہ بات مرکزی ناظم نشرواشاعت وترجمان تنظیم اسلامی **رضاءالحق** نے ایک بیان میں کہی۔انہوں نے کہاکہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان سمیت عالمِ اسلام کو جو حالات درپیش ہیں اُن سے نکلنے کے لیے ہمیں قرآن اور اسوۂ رسول ﷺ سے دوبارہ جُڑنا ہوگا۔ **مملکتِ خداداد پاکستان** کے تمام عوام وخواص کی توجہ اِس اہم ذِمّہ داری کی طرف مبذول کروانے کے لیے تنظیم اسلامی 31 جولائی تا21اگست2026ء کے دوران پاکستان بھر میں ’’اُمّتِ مُسلمہ کی حالتِ زار اور راہِ نجات‘‘ کے عنوان سے ایک مہم کاانعقاد کررہی ہے۔ مہم کاآغاز تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** کے 31جولائی کے خطابِ جمعہ سے ہوگا اور اِسی شام کو وہ کراچی پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس سے بھی خطاب فرمائیں گے۔ مہم کے حوالے سے امیر تنظیم اسلامی کا خصوصی ویڈیو پیغام بھی نشر کیا جائے گا۔ مہم کے دوران لاہور، کراچی اور اسلام آباد میں مرکزی سیمینارز کا انعقاد ہوگا، جن میں معروف علماء کرام اور دانشور حضرات شرکت کریں گے اور اِس اہم موضوع پر گفتگو فرمائیں گے۔ مہم کے دوران علماء کرام اور دیگر اہم ملکی شخصیات کے نام امیر تنظیم اسلامی کے خطوط بھیجے جائیں گے۔ موضوع پر متعدد پریس ریلیزز کا اجراء ہوگا۔ مہم کے دوران پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا پر اُمّتِ مُسلمہ کو موجودہ اندوہناک حالت سے نکالنے کے لیے اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کی ضرورت واہمیت کواجاگر کرنے کے لیے بھرپور دعوتی سرگرمیاں کی جائیں گی۔ ملک بھر میں پاکستان کو حقیقی معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی ضرورت کو واضح کرنے کے لیے تشہیری مہم چلائی جائے گی۔ پاکستان بھر میں تنظیم اسلامی کے حلقہ جات مہم کے دوران دیگر سرگرمیوں کے علاوہ اہم دینی وسیاسی شخصیات سے ملاقات اور رابطہ کریں گے اور اُن تک امیر تنظیم اسلامی کا پیغام پہنچائیں گے۔ مہم کے عنوان کی مناسبت سے خطاباتِ جمعۃ المبارک اور عوامی پروگراموں کے انعقاد کا اہتمام کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں اُمّتِ مُسلمہ کی نشاۃِ ثانیہ کے حوالے سے کرنے کے کاموں کی طرف ہر خاص وعام کو دعوت دینے کے لیے ملک بھر میں پُرامن ریلیاں منعقد کی جائیں گی۔ان شاءاللہ !

ترجمان تنظیم اسلامی نے کہاکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک میں موجود ظلم وزیادتی کی فضا اور طبقاتی کشمکش کو ختم کرنے کے لیے نفاذِ عدلِ اسلام کی طرف پیش قدمی کی جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام کے عطاکردہ عادلانہ نظام ہی میں پاکستان کی بقاء مضمر ہے۔ جب تک اُمّتِ مُسلمہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے عطاکردہ نظام کی طرف نہیں لوٹے گی اُس وقت تک موجودہ بحران اور آپس کی خانہ جنگی سے نجات ممکن نہیں ہوسکتی۔ عوام وخواص سے پُرزور اپیل کرتے ہوئے اُنہوں نے کہاکہ آیئے اُمّت کی عظمت رفتہ کی بحالی اور پاکستان میں نظامِ مصطفی ﷺ کے نفاذ کی اجتماعی جدوجہد میں شریک ہوکر ہم سب اس عظیم فریضہ کی ادائیگی کے لیے اپناکردار ادا کریں۔اللہ تعالیٰ ہمارا حامی وناصر ہو۔آمین !

جاری کردہ

**رضاءالحق**

مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: July 30th, 2026**

## Tanzeem-e-Islami to launch a three-week nationwide awareness campaign titled "The plight of the Muslim Ummah and the path to salvation" beginning on 31 July 2026, In-sha'Allah

**Lahore (PR):** This was stated by the Markazi Nazim Nashr-o-Ishaat and Spokesperson of Tanzeem-e-Islami, Raza-ul-Haq, in a statement. He said that the reality is that Pakistan, along with the wider Muslim Ummah, can overcome the challenges confronting it only by reconnecting with the Holy Quran and the blessed example (Uswah) of the Holy Prophet (*S.A.W.W.*). To draw the attention of both the public and the leadership of Pakistan—the State blessed by Allah—towards this vital responsibility, Tanzeem-e-Islami is organizing a three-week nationwide awareness campaign titled "The Plight of the Muslim Ummah and the Path to Salvation" from 31 July to 21 August 2026, Insha'Allah. The campaign will commence with the Friday address of the Ameer of Tanzeem-e-Islami, Shujauddin Shaikh, on 31 July, followed later that evening by a press conference at the Karachi Press Club. A special video message from the Ameer of Tanzeem-e-Islami will also be released as part of the campaign. During the campaign, central seminars will be held in Lahore, Karachi, and Islamabad, where distinguished religious scholars and intellectuals will address this important subject. Letters from the Ameer of Tanzeem-e-Islami will also be sent to eminent religious scholars and other prominent national personalities. A series of press releases will be issued throughout the campaign. Extensive Dawah activities will be carried out through the print, electronic, and social media to highlight the necessity and significance of the Islamic system of social justice as the solution to the present plight of the Muslim Ummah. A nationwide publicity campaign will also be launched to emphasize the need to transform Pakistan into a truly Islamic welfare state. Throughout the campaign, Tanzeem-e-Islami's local chapters across the country will, in addition to other activities, meet and engage with prominent religious and political personalities and convey to them the message of the Ameer of Tanzeem-e-Islami. Friday sermons and public programs will be organized in accordance with the campaign's theme. Furthermore, peaceful rallies will be held throughout the country to invite people from all walks of life to participate in the efforts required for the renaissance of the Muslim Ummah, In-sha'Allah.

The spokesperson of Tanzeem-e-Islami further stated that there is an urgent need to move towards the establishment and implementation of Islamic justice in order to eliminate the prevailing atmosphere of oppression, injustice, and class conflict in the country. The reality is that the survival of Pakistan lies in the just system bestowed by Islam. Until the Muslim Ummah returns to the system granted by Allah (*SWT*) and His Messenger (*S.A.W.W.*), deliverance from the present crises and internal conflicts will remain impossible. He concluded with a heartfelt appeal to both the public and the leadership to join the collective struggle for the revival of the Ummah's lost glory and the establishment of Nizam-e-Mustafa (*S.A.W.W.*) in Pakistan, so that each of us may play our part in fulfilling this great obligation. May Allah (*SWT*) be our Protector and Helper. Ameen.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**